Daily PUBLIC KARACHI

روزنامہ پبلک کراچی

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 12 | منگل 06 اکتوبر 2026ء، 23 ربیع الثانی 1448ھ، صفحات 4 قیمت 5 روپے | شمارہ 195

صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے ڈیرہ اسماعیل خان میں 3 خارجی دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا

ڈی آئی خان سیکیورٹی فورسز کے کارروائی 3 دہشتگرد ہلاک

ڈیرہ اسماعیل خان، سیکیورٹی فورسز کی کارروائی، صدر اور وزیراعظم کا ڈیرہ اسماعیل خان میں 3 خارجی دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ہر قیمت پر ناکام بنائیں گے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، آصف زرداری، شہباز شریف

اسلام آباد ڈیرہ اسماعیل خان (سی این پی) نیبر پختون خوا میں سیکیورٹی فورسز کی عزم استحکام آپریشن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے میں مزید تین خارجی مارے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات پر کارروائی میں 3 خارجی دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں دہشت گردوں کے نیٹ ورکس کو کمزور کرنے میں مؤثر ثابت ہو رہی ہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز بھی ڈی آئی خان میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی میں 8 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا تھا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گردوں میں فتنہ الخوارج کے 3 اہم سرغنہ بھی شامل تھے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز غیر معمولی خفیہ اطلاعات سے دہشت گردی کے منصوبے ناکام بنانے کیلئے پُرعزم ہے، دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے ڈیرہ اسماعیل خان میں 3 خارجی دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گرد عناصر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

تنازعات کا پائیدار حل مذاکرات سے ممکن ہے، شہباز شریف




اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے پولینڈ کے سفیر وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان پولینڈ سے تاریخی دوستی کو مضبوط کثیر الجہتی شراکت داری میں بدلنا چاہتا ہے، وزیراعظم، جی ایس پی پلس اسکیم میں حمایت پر پولینڈ کا شکریہ؛ مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال

پولینڈ کے وزیر، کونسل آف منسٹرز کے رکن اور کوآرڈینیٹر برائے خصوصی خدمات ٹومائش شیمونیاک سے ملاقات میں کاروباری روابط اور اعلیٰ سطحی قیادت کے تبادلوں میں اضافے پر زور

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان پولینڈ کے ساتھ اپنی تاریخی دوستی کو طویل المدتی، مضبوط اور کثیر الجہتی شراکت داری میں تبدیل کرنے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے دوطرفہ تعلقات کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پولینڈ کے وزیر، کونسل آف منسٹرز کے رکن اور کوآرڈینیٹر برائے خصوصی خدمات ٹومائش شیمونیاک نے ملاقات میں پاکستان اور پولینڈ کے دوطرفہ تعلقات، باہمی تعاون کے فروغ اور اہم علاقائی و بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے دونوں ممالک کے درمیان جاری روابط کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لیے اعلیٰ سطحی قیادت کے تبادلوں کو فروغ دینا ضروری ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے درمیان روابط مزید بڑھانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ وزیراعظم نے یورپی یونین کی بی ایس پی پلس اسکیم کے حوالے سے پاکستان کی حمایت پر پولینڈ کا شکریہ ادا کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک مختلف شعبوں میں تعاون کو مز(بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)



جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد کا نام ہو چکا تو تھر والوں کو موقع دیں مزید صوبے حل نہیں، بلاول بھٹو

کچھ عناصر تھر کی ترقی ہضم نہیں کر پا رہے، وہ کراچی میں نفرت کی سیاست کو فروغ دے رہے ہیں، ناکام ہونگے، چیئرمین پی پی

اسلام آباد کے ماہرین ماضی میں تھر کے کوئلے کو بے کار قرار دیتے تھے، سندھ میں صیہونی طرز کی سیاست کامیاب نہیں ہوگی، خطاب



اسلام کوٹ، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام کوٹ (نمائندہ خصوصی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سسٹم ناکام ہو گیا اور نئے صوبوں کی مخالفت سمجھ نہیں آتی، اسلام آباد ناکام ہو چکا ہے تو تھر کے حوالے کر دیں۔ تھر کول فیز تھری کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے ماہرین ماضی میں تھر کے کوئلے کو بے کار قرار دیتے تھے، مگر آج اسی کوئلے سے 2 ہزار میگاواٹ بجلی پیدا ہو رہی ہے۔ یہ کامیابی تھر کی ترقی اور قومی معیشت کے لیے ایک بڑی پیش رفت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تھر میں ہونے والی تبدیلی پورے ملک کے لیے حیران کن ہے، جہاں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

پی ٹی آئی لانگ مارچ کیخلاف تاجروں کا پشاور میں احتجاج

اربوں روپے کا کاروبار پنجاب کیساتھ جاری ہے، کاروبار تباہ ہے، تاجروں کا موقف

پشاور (سی این پی) پی ٹی آئی لانگ مارچ کے خلاف اسمبلی چوک پشاور میں تاجروں نے احتجاج کرتے ہوئے سوک پر ٹائر جلا دیے، مظاہرین نے غیر روڈ کو ٹریفک کیلئے بند کر دیا جس کے باعث گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ احتجاج کرنے والے تاجروں نے ہاتھوں میں کالے رنگ کے جھنڈے اٹھا رکھے ہیں، مختلف تاجروں کے وفود نے احتجاج میں شرکت کی۔ احتجاج میں مختلف الفکر افراد، سیاسی جماعتوں اور دیگر مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد شریک ہیں۔ مظاہرین نے پختونخوا حکومت مردہ باد کے نعرے لگائے۔ تاجروں نے کہا کہ 13 سال ہو گئے ہیں کہ صوبائی حکومت نے عوام کو ایسے چھوڑ دیا ہے، حکومت کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں، صوبے میں مہنگائی عروج پر پہنچ گئی اور بے روزگاری بہت زیادہ ہو گئی ہے، (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)



کے پی حکومت خود صوبے میں اپنی اقدام اٹھانے پر مجبور کر رہی ہے، عظمیٰ بخاری

فیڈریشن کے خلاف ہرزہ سرائی کیلئے سرکاری ہیلی کاپٹر کا استعمال عدالتی حکم کی کھلی خلاف ورزی ہے

13 سال سے خیبر پختونخوا کی قسمت میں دھرنے، جلسے، ریلیاں اور لانگ مارچ ہی ہیں، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت خود صوبے میں آئینی اقدام اٹھانے پر مجبور کر رہی ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا دہشت گردی کی زد میں ہے اور صوبے کا وزیراعلیٰ کنٹینر پر نہیں کرسکتی اس کو حکومت میں رہنے کا کوئی حق نہیں، ہیلی آفریدی واحد وزیراعلیٰ ہیں جو اپنے صوبے میں ہی لاڈلا لنگر کے ساتھ مارچ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب صوبے میں امن وامان اور روزگار نہیں ہوگا تو وہاں کے لوگ امن اور روزگار کیلئے دوسرے صوبوں کا رخ کریں گے، جو حکومت اپنے ہی لوگوں کو تحفظ فراہم نہیں کرسکتی اس کو حکومت میں رہنے کا کوئی حق نہیں، ہیلی آفریدی واحد وزیراعلیٰ ہیں جو اپنے صوبے میں ہی لاڈلا لنگر کے ساتھ مارچ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب صوبے میں امن وامان اور روزگار نہیں ہوگا تو وہاں کے لوگ امن اور روزگار کیلئے دوسرے صوبوں کا رخ کریں گے، جو حکومت اپنے ہی لوگوں کو تحفظ فراہم نہیں کرسکتی اس کو حکومت میں رہنے کا کوئی حق نہیں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)



اسلام کوٹ، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو، مراد علی شاہ اور دیگر تقریب میں شریک ہیں

15 آپریشنز کے دوران 435 غیر قانونی افغان باشندے گرفتار

کارروائیاں تربت، دشت، پنجگور، دالبندین اور ماشکیل کے علاقوں میں کی گئیں

اسلام آباد (سی این پی) سیکیورٹی فورسز نے جنوبی بلوچستان میں بڑی کارروائی کرتے ہوئے 15 آپریشنز میں 435 غیر قانونی افغان باشندے گرفتار کر لیے۔ سیکیورٹی حکام کے مطابق فورسز کی جنوبی بلوچستان میں غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف موثر کارروائیاں جاری ہیں، ستمبر 2026 میں جنوبی بلوچستان میں 15 کامیاب آپریشنز کے دوران 435 غیر قانونی افغان باشندوں کو گرفتار کیا گیا۔ تربت، دشت، پنجگور، دالبندین اور ماشکیل کے علاقوں میں غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف کارروائیاں کی گئیں۔ گرفتار غیر قانونی افغان باشندوں کو قانونی کارروائی کے بعد وطن واپس بھیج دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق طالبان رجیم کی ناکام پالیسیوں اور معاشی مشکلات کے باعث افغان شہری غیر قانونی طور پر پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش کرتے ہیں۔ سیکیورٹی فورسز غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے جنوبی بلوچستان میں موثر کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل گڈ گورننس، عوام کو بہتر سروس ڈلیوری ترجیح ہے، افتخار گیلانی

قانون کی بالادستی اور انصاف کی فراہمی میں وکلاء برادری کا کردار کلیدی ہے حکومت آزاد کشمیر کو ترقی، خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے کوشاں ہے

حکومت کا مشن عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا اور سرکاری اداروں کی کارکردگی کو مزید موثر بنانا ہے، خواتین وکلاء کے وفد سے گفتگو

اسلام آباد (خبر نگار) وزیر اعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی نے کہا ہے کہ وکلاء کا معاشرے میں قانون کے احترام اور شہریوں میں اپنے بنیادی و قانونی حقوق کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے میں اہم کردار ہے۔ وکلاء برادری کا موثر کردار ایک مضبوط اور جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے۔ حکومت کی ترجیحات میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، گڈ گورننس اور عوام کو بہتر سروس ڈیلیوری کی فراہمی شامل ہے۔ خواتین وکلاء بھی قانونی شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا موثر مظاہرہ کر رہی ہیں اور خواتین کے قانونی حقوق، انسانی حقوق اور انصاف کی فراہمی کے حوالے سے اہم خدمات انجام دے رہی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وزیر اعظم آزاد کشمیر نے خواتین وکلاء کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد میں اقصیٰ سعید چوہدری، صبیحہ زہرا، فرزانہ یعین تھہ ایس، فیصبی ایڈووکیٹ اور روبینہ ایڈووکیٹ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)



کرک، وزیر اعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی کا ضلع کرک میں جیل چوک کے مقام پر لانگ مارچ کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

یوتھ کرکٹ لیگ کوئٹہ لیگ میچز کا شاندار میچز کا سلسلہ جاری

یونیورسٹی آف بلوچستان اور نسٹ یونیورسٹی بلوچستان کیمپس کے درمیان کھیلا گیا

کوئٹہ (نمائندہ خصوصی) یوتھ کرکٹ لیگ کوئٹہ لیگ چھ کا شاندار میچز کا سلسلہ جاری ☐ یوتھ کرکٹ لیگ کوئٹہ کا دسواں لیگ میچ 4 اکتوبر 2026 کو چائنا اسٹیڈیم، کوئٹہ کینٹ میں یونیورسٹی آف بلوچستان اور نسٹ یونیورسٹی بلوچستان کیمپس کے درمیان کھیلا گیا۔ شاندار مقابلے کے بعد یونیورسٹی آف بلوچستان کی ٹیم نے 9 وکٹ سے کامیابی اپنے نام کرلی۔ لیگ مرحلے کے آئندہ مقابلوں میں کیمپس بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھی فائنل اور پھر چیمپئن ٹرافی کی جانب پیش قدمی جاری رکھیں گی۔



"کراچی میں برین ٹیومر سے آگاہی کی تاریخی مہم"

مانٹز آف ہوپ" نے کلاسک کاروں کے شوقین افراد اور صحت کے شعبے کے رہنماؤں کو اکٹھا کر دیا

کراچی، (نمائندہ خصوصی) نیی پاکستان اکیڈمی آف نیورولوجیکل سرجری (PANS) نے ویلنج اینڈ کلاسک کار کلب آف پاکستان (VCCCP)، پاکستان سوسائٹی آف نیورو-آنکولوجی (PASNO) اور برین ٹیومر فاؤنڈیشن پاکستان (BTFPak) کے اشتراک سے گزشتہ روز کراچی میں نیی "مانٹز آف ہوپ" برین ٹیومر آگاہی مہم اور ویلنج کار شو کا کامیابی سے انعقاد کیا۔ اس تاریخی اقدام نے پرانی اور کلاسک گاڑیوں کی ثقافت کے وقار کو برین ٹیومر سے آگاہی اور نیورو سرجیکل تعلیم کی ایک اہم قومی مہم کے ساتھ جوڑ دیا۔ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کا آپشن زیر غور ہے

سیاسی جماعتوں کے درمیان بات چیت کا راستہ ہمیشہ کھلا رہتا ہے، طارق فضل

مارچ کو اسلام آباد میں کسی صورت داخل نہیں ہونے دیا جائے گا، وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (سی این پی) وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت ایمرجنسی کے نفاذ والے آپشن پر غور کر رہی ہے۔ میڈیا نہیں لگتا تشکیل قریب میں دوبارہ مذاکرات ہو سکتے ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پہلی وجہ اپوزیشن وفد کے اختیار تھا، تمام اختیار کے پی حکومت کے پاس تھا، جو لوگ مذاکرات کر رہے تھے انہوں نے کہا ان مطالبات کو پورا کرنا ہمارے بس میں نہیں، مذاکرات کی ناکامی کی دوسری وجہ ترجیحات کا فرق ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ ہماری ترجیح ریاست ہے، ہماری ترجیح دہشتگردی کا خاتمہ ہے، اپوزیشن کی ترجیح سیاست اور بانی پی ٹی آئی ہے، صوبائی حکومت دہشتگردی کیخلاف وفاقی حکومت سے تعاون نہیں کر رہی، صوبائی حکومت ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑی نہیں ہو رہی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی طرف سے دہشتگردی کی روک تھام کے لیے تعاون نہیں مل رہا، ہماری (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ٹائمز ہائر ایجوکیشن کی عالمی درجہ بندی، ایک بھی پاکستانی جامعہ ٹاپ 400 میں شامل نہ ہو سکی

اسلام آباد (سی این پی) ٹائمز ہائر ایجوکیشن کی عالمی درجہ بندی جاری ہو گئی، پاکستان کی 1 بھی جامعہ ٹاپ 400 میں شامل نہیں ہو سکی۔ رپورٹ کے مطابق ملک کی 2 سب سے بڑی جامعات جامعہ کراچی 1601 اور جامعہ پنجاب 1801 نمبر پر ہیں۔ درجہ بندی کے مطابق دنیا کی بہترین جامعہ کا اعزاز مسلسل گیارہویں سال برطانیہ کی آکسفورڈ یونیورسٹی نے حاصل کیا۔ امریکا کی میساچوسٹس انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

پی ڈی ایم اے کی 6، 7 اکتوبر کو پنجاب کے بیشتر اضلاع میں بارشوں کی پیشگوئی، الرٹ جاری

لاہور (سی این پی) پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) پنجاب نے 6 تا 7 اکتوبر تک صوبے کے بیشتر اضلاع میں بارشوں کی پیشگوئی کر دی۔ پی ڈی ایم اے نے الرٹ جاری کرتے ہوئے کہا کہ راولپنڈی، مری، گلیات، اٹک، چکوال، جہلم میں بارش کی پیشگوئی ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق منڈی بہاالدین، گجرات، گوجرانوالہ، حافظ آباد اور وزیر آباد میں بھی بارش کا امکان ہے۔ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

وزیر صحت سے روش کے علاقائی سربراہ کی ملاقات

مریضوں کو جدید ادویات اور علاج کی رسائی بہتر بنانے پر تبادلہ خیال

ادویات تک رسائی اور مختلف بیماریوں کے علاج کے لیے باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق

اسلام آباد (سی این پی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال سے روش کے علاقائی سربراہ نے ملاقات کی جس میں پاکستان میں مریضوں کو جدید ادویات اور علاج تک رسائی بہتر بنانے کیلئے تعاون کے مختلف امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت صحت کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران کینسر سمیت مختلف پیچیدہ اور نایاب بیماریوں کے علاج کے لیے جدید ادویات تک مریضوں کی رسائی، سرکاری و نجی شعبے کے باہمی تعاون اور حکومت کی ترجیحات میں کینسر کے علاج کو خصوصی اہمیت دینے پر اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ وفاقی آگاہی مہم کے ذریعے کینسر کی بروقت تشخیص کو یقینی بنایا جائے گا۔ ملاقات میں کینسر کے علاوہ سانس کی دیگر خطرناک بیماریوں، ہیموفیلیا، مٹی پل اسکلروسس اور دیگر نایاب بیماریوں کے علاج میں تعاون کے امکانات پر بھی غور کیا گیا۔ وفاقی وزیر صحت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

پی ٹی آئی سے 8 سوالات، دہشتگردی کیخلاف پالیسی بنانے سے کس نے روکا؟ خواجہ آصف کے جواب طلب

پاک فوج اور عوام پر حملوں کے خلاف کھل کر افواج کے ساتھ کھڑا ہونے کے لئے آپ کو کس پالیسی کی ضرورت ہے؟

نیشنل ایکشن پلان پر عمل سے کون سے پالیسی روک رہی ہے؟ 13 سال میں آپ نے کون سے عملی اقدامات کیے؟ بیان

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پاکستان تحریک انصاف سے 8 سوالات کے جواب مانگ لئے۔ خواجہ آصف نے پہلا سوال کیا کہ گزشتہ 13 سال سے خیبر پختونخوا میں آپ کی حکومت رہی، وفاق میں بھی آپ اقتدار میں رہے، آپ کو دہشت گردی کے خلاف پالیسی بنانے سے کس نے روکا؟ نیشنل ایکشن پلان پر عمل سے کون سے پالیسی روک رہی ہے؟ انٹرنل سیٹلمنٹ پر بنائے سے کونسی پالیسی روک رہی ہے؟ دوسرا سوال یہ ہے کہ دہشت گردوں کو دہشت گرد کہنا، افغانستان سے آنے والے دہشت گردوں کی مذمت کرنا، پاک فوج اور عوام پر حملوں کے خلاف (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ریاست مخالف پروپیگنڈا، NCCIA کا خصوصی یونٹس قائم، تمام ریجنز میں سائبر پٹرولنگ یونٹس فعال

ڈی جی سید علی ناصر رضوی کا پنجاب کے تمام سرکلز کے 5 روزہ دورہ، رپورٹنگ سینٹرز، تھانوں اور دفاتر کا معائنہ

شکایات کے اندراج اور تصدیق کا نظام مزید عوام دوست بنایا جائے، بروقت انصاف فراہمی یقینی بنائی جائے، ہدایت

لاہور (آئی این پی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے ریاست مخالف پروپیگنڈے اور جعلی خبروں کی روک تھام کے لئے خصوصی یونٹس قائم کر دیئے، جبکہ سائبر کیس کی نگرانی کیلئے تمام ریجنز میں سائبر پٹرولنگ یونٹس بھی فعال کر دیئے گئے ہیں۔ این سی سی آئی اے ترجمان کے مطابق ادارے کے ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی نے پنجاب کے تمام سرکلز کے 5 روزہ دورے کے دوران رپورٹنگ سینٹرز، تھانوں اور دفاتر کا معائنہ کیا اور 500 سے زائد شکایت کنندگان سے براہ راست ملاقاتیں کیں۔ ڈی جی این سی سی آئی اے نے ہدایت کی کہ شکایات کے اندراج اور تصدیق کا نظام مزید عوام دوست بنایا جائے اور شہریوں کو بروقت انصاف کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جعلی خبروں اور ریاست مخالف پر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)



عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر تقریب میں احسان علی جمال، شازیہ توصیف اور دیگر افسران اسٹیج پر بیٹھے ہیں



صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق اور دیگر قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

Scanned with CamScanner



ادارتی صفحہ

کور کمانڈرز کانفرنس کا دوٹوک پیغام

آئی ایس پی آر ڈائریکٹر جنرل آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی زیر صدارت جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی میں اگلے روز 277 ویں کور کمانڈرز کانفرنس منعقد ہوئی۔ ملک کو درپیش مختلف قسم کے چیلنجز کے تناظر میں یہ کانفرنس انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ اس کانفرنس میں پاکستان کے اندرونی اور بیرونی چیلنجز پر غور کیا گیا اور اس حوالے سے واضح اور دوٹوک پیغام جاری کیا گیا ہے۔

کور کمانڈرز کانفرنس میں کہا گیا ہے کہ 9 مئی جیسی صورت حال پر طاقت سے نمٹا جائے گا۔ کانفرنس میں دہشت گردی اور انتشاری تحریک سازی پر بالکل واضح اور غیر مبہم پیغامات دیے دیے گئے۔ کور کمانڈرز کانفرنس میں واضح کیا گیا کہ پاکستان کے لیے داخلی استحکام انتہائی اہم ہے، کسی بھی جواز پر، پرتشدد انتشار یا 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کسی بھی کوشش کو فیصلہ کن طاقت اور قانون کے مطابق بلا امتیاز اور بلا جھجک نمٹا جائے گا۔

بلاشبہ پاکستان کا اندرونی استحکام اور امن معاشی ترقی اور بہتر گورننس کے لیے سب سے اہم اور بنیادی چیز ہے۔ دنیا میں انہی ملکوں نے ترقی کی ہے، جن ملکوں میں ذمے دار اور قانون پسند سیاسی قیادت نے جمہوری نظام کے اندر سیاسی استحکام اور ملک کے اندرونی امن کی راہ ہموار کی۔ انتشار اور ہائبرڈ سیاسی ملک کی وحدت اور اس کی ترقی کے لیے زہر قاتل ہوتی ہے۔ اس لیے کور کمانڈرز کانفرنس کا پیغام بالکل واضح ہے کہ ملک میں دہشت گردی اور انتشاری تحریکوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔

دنیا کا کوئی بھی ملک اندرونی طور پر مسلح تحریکوں کو برداشت نہیں کرتا۔ پاکستان میں قیام امن کے لیے ضروری ہے کہ یہاں مسلح تحریکوں اور جرائم پیشہ گروہوں کا خاتمہ کیا جائے۔ پاکستان میں جو لوگ انتشار پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں، انہیں کسی طور پر بیرونی مدد بھی حاصل ہے۔ ان لوگوں کی فائنل لائف لائن کابل قرار رہتا انہیں دراصل زندہ رکھے ہوئے ہے۔

پاکستان کی شمال مغربی سرحد اس حوالے سے بہت اہمیت کی حامل ہے۔ افغانستان ایک ایسا ملک بن چکا ہے جہاں دنیا بھر کے دہشت گرد گروپ موجود ہیں اور افغانستان پر قابض طالبان حکومت کو اس کا پوری طرح علم بھی ہے۔ کور کمانڈرز کانفرنس میں کہا گیا کہ افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کے خلاف جارحانہ کارروائیاں پاکستان کا دفاعی حق ہیں۔

ہندوستان کے آلہ کار کے طور پر دہشت گردی کے سنگین نتائج کی ذمے داری صرف اور صرف طالبان کی کم فہم قیادت ہے۔ فورم نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے مسلسل دہشت گردی کے خاتمے کے لیے لازم ہے کہ گورننس اور جدید ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کیا جائے۔ دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے زمینی کارروائیوں کے ساتھ بہترین انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ فورم نے کہا کہ یہ بھی ضروری ہے کہ عوام کے ساتھ دہشت گردی کی وجوہات اور معاملات پر موثر رابطہ کاری اور بیانیے پر کام کیا جائے۔

افغانستان میں جب سے طالبان کی حکومت برسر اقتدار آئی ہے، پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کی قیادت افغانستان میں موجود ہے اور یہی سے دہشت گردی کی پوری منصوبہ بندی ہوتی ہے اور یہی سے دہشت گردوں کے مختلف گروہوں کے درمیان تربیتی کیمپ آزادانہ طور پر چل رہے ہیں۔

ان کیمپوں میں دہشت گردوں کو تربیت دی جاتی ہے۔ دہشت گردوں کے سرپرست افغانستان میں غیر قانونی کاروباری سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔ منشیات کے بھتے بھی نیٹ ورکس کام کر رہے ہیں، اس کے جانے پانے افغانستان میں جا کر ملتے ہیں۔ پاکستان کا موقف اس حوالے سے بالکل واضح اور دوٹوک ہے۔

بھارت بھی افغانستان میں پاکستان مخالف نیٹ ورکس کو مدد فراہم کر رہا ہے۔ طالبان کی حکومت اور بھارت کے درمیان رابطے میاں ہو چکے ہیں۔ طالبان کے کئی مفاد بھارت کے دورے کر چکے ہیں۔ یوں دیکھا جائے تو طالبان حکومت بھارت کے ایجنٹ کے طور پر کام کر رہی ہے اور اس کا مقصد پاکستان کا نقصان پہنچانا ہے۔

پاکستان میں بھی ایسے عناصر موجود ہیں جو دہشت گردوں کی سہولت کاری میں ملوث ہیں۔ ان میں وائٹ کالرز کریمنلز گینگ شامل ہیں۔ یہ گٹھ جوڑ سیاست میں بھی سرمایہ کاری کر رہا ہے۔ غیر قانونی پیسے کی بنیاد پر اس قسم کے گٹھ جوڑ نے ملک کے سسٹم کو بھی نقصان پہنچایا ہے۔ پاکستان کے ادارے ان کے خلاف مسلسل برسر پیکار ہیں۔

کور کمانڈرز کانفرنس میں واضح کیا گیا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مخصوص عناصر کے زیر سایہ چلنے والے کرائم سنڈیکیٹ جو کہ ٹرانسنیشنل نیٹ ورکس کا حصہ ہیں، ان کے لیے پولیس کی استعداد کار کو بھی بڑھانا ہوگا۔ کسی بھی جواز کے تحت پرتشدد انتشار یا 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کسی بھی کوشش کو فیصلہ کن طاقت اور قانون کے ساتھ بلا امتیاز اور بلا جھجک نمٹا جائے گا۔

پاکستان میں 9 مئی کو جو کچھ ہوا، اسے بتانے کی ضرورت نہیں ہے۔ پاکستان کے دشمنوں نے ہمیشہ یہ خواہش رکھی ہے کہ وہ پاکستان کو اندرونی طور پر کمزور کریں۔ کچھ لوگ دشمن کے اس ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں۔ پاکستان کے ادارے ایسے لوگوں کے بارے میں مکمل طور پر آگاہ ہیں اور ان کے بارے میں رپورٹیں بھی موجود ہیں۔

پاکستان کی مین اسٹریم سیاسی قیادت کا فرض ہے کہ وہ حالات کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے فیصلے کرے۔ پاکستان ہم سب کا ہے۔ پاکستان کو انتشار کے سپرد کرنا کسی کے مفاد میں نہیں ہے۔ ملک میں سیاسی ہم آہنگی برقرار رکھنا سیاسی قیادت کا اولین فرض ہونا چاہیے۔ اس کے ساتھ ساتھ ملک کی مذہبی سیاسی قیادت کو بھی اپنے ماضی کے مواقف پر نظر ثانی کرنے کی ضرورت ہے۔

اس حقیقت کو تسلیم کرنا ازحد ضروری ہے کہ سرد جنگ کا خاتمہ ہو چکا ہے۔ سرد جنگ کے دور میں جو صف بندیاں قائم ہوئی تھیں، وہ بکھر چکی ہیں۔ دنیا نئے دور میں داخل ہو چکی ہے اور اس نئے دور میں اقوام عالم کے ساتھ چلنے کے لیے نئے راستے تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔

کور کمانڈرز کانفرنس نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین تاریخی مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا بھرپور خیر مقدم کیا اور عزم ظاہر کیا کہ شرپسندوں کے تحفظ کا خیر مستزاد اقدام ہر حال میں ناکام بنایا جائے گا۔ فورم نے مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شہداء اور مادر وطن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سول سوسائٹی کے ارکان کے لیے فاتحہ خوانی کی اور ان کی لازوال قربانیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

فورم نے موجودہ سیکورٹی صورت حال کا جائزہ لیا اور اعلیٰ درجے کی آپریشنل تیاری برقرار رکھنے کا عزم کیا۔ فورم نے غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر پر پاکستان کے اصولی موقف کو بھی دہرایا اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق تنازع کشمیر کے حل کی حمایت کی توثیق کی۔ پاک فوج کا عزم کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے۔

پاک فوج اور پاکستان کے دیگر سیکورٹی ادارے ملک کی سلامتی کے لیے دن رات قربانیاں پیش کر رہے ہیں۔ دہشت گردوں کے خلاف جس قدر ٹھوس جنگ پاکستان کے سیکورٹی اداروں نے لڑی ہے، دنیا میں کسی اور ملک کے اداروں نے اتنی طویل لڑائی نہیں لڑی ہے۔ پاکستان اب بھی دہشت گردوں کے ساتھ جنگ میں مصروف ہے۔

اس جنگ کا کامیاب بنانے کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کو مزید مستحکم کرنے اور جدید ٹیکنالوجی، تربیت اور مطلی ڈومین انعمام کے ذریعے جنگی صلاحیتوں کو وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ پاکستان کے دو صوبے خیبر پختونخوا اور بلوچستان دہشت گردوں کے نشانے پر ہیں۔ اگلے روز بھی خیبر پختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان کے علاقے صدیک میں سیکورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 7 خوارج ہلاک کیے گئے ہیں۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے بھرپور عزم اور جنگی مہارت کے ساتھ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کا تعاقب کیا اور فیصلہ کن کارروائی کرتے ہوئے ان کے کچی خٹکانوں کو تباہ کر دیا۔ سیکورٹی فورسز عزم استحکام و دیگر کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے شمالی وزیرستان کے علاقے صدیک میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 7 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے سیکورٹی فورسز کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ پاکستان کی سیکورٹی فورسز دہشت گردوں کے خلاف برأت مندی سے برسر پیکار ہیں۔ ملک میں جمہوری حکومت بھی اس حوالے سے واضح پالیسی کے تحت پاکستان کی سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہوئی ہے۔ پاکستان میں تعمیر و ترقی کے سفر کو تیز کرنے کے لیے ملک کے اندر بھی دہشت گردوں کے سہولت کاروں کا خاتمہ کرنا انتہائی ضروری ہو چکا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ انتہا پسندیانے کے خاتمے کے لیے بھی ملک میں تعلیمی پالیسی میں تبدیلی لانا انتہائی ضروری ہو چکا ہے۔ پاکستان کی حکومت کو ایک نئی تعلیمی پالیسی کی ضرورت ہے جس میں طلباء کو سائنسی نظریات سے روشناس کرا کر انہیں جدیدیت کی راہ پر گامزن کیا جائے۔

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی صدارت میں منعقدہ 277 ویں کور کمانڈرز کانفرنس نے ملکی اندرونی امن واستحکام کو قومی ترجیح قرار دیتے ہوئے خبردار کیا کسی بھی قسم کا انتشار پیدا کرنے یا 9 مئی جیسی صورتحال دوبارہ بنانے کی کوشش سے قانون کی بے لاگ تکمرانی اور حتمی قوت کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا۔

کور کمانڈرز کانفرنس کا 9 مئی جیسے تشدد کے خلاف سخت ردعمل



میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

اس ادوار کے دوران مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شہداء اور عام شہریوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور اپنی جانیں قربان کرنے والوں کے لیے دعائی کی گئی۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ مسلح افواج قوم کی مکمل حمایت کے ساتھ پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی سلامتی کا دفاع کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہیں، جبکہ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ مبنی کارروائیاں جاری رکھنے اور جدید ٹیکنالوجی، تربیت، سامان اور جنگ کے مختلف شعبوں میں باہمی ہم آہنگی کے ذریعے دفاعی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ کانفرنس میں افغانستان کی سرزمین سے پھیلنے والی دہشت گردی کے خلاف ہدف پر مبنی کارروائیوں کے پاکستان کے حق پر بھی زور دیا گیا، دہشت گردی کے اسباب اور نظریے سے نمٹنے کے لیے مضبوط ہم آہنگی اور عوامی شمولیت کی ہدایت کی گئی اور مالی اعانت، اسلحے کی اسمگلنگ اور نقل و حرکت کے لیے استعمال ہونے والے دہشت گردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کو توڑنے پر زور دیا گیا۔ اس کے علاوہ پولیس کی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے پر زور دیا گیا کیونکہ موثر اندرونی سلامتی کے لیے باصلاحیت اور تمام ضروری سامان سے لیس قانون نافذ کرنے والے اداروں کا ہونا لازمی ہے اور مکمل اندرونی استحکام کو پاکستان کی معاشی، سماجی اور سیاسی ترقی سے جوڑا گیا۔

کانفرنس نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ کا خیر مقدم کیا اور اسے مضبوط سٹریٹجک اور اجتماعی دفاعی تعاون کے فریم ورک کے طور پر سراہا، جبکہ سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت، مملکت کے ساتھ مکمل یکجہتی اور حرمین شریفین کی سلامتی و تقدس کے لیے اٹل عزم کا اظہار کیا۔ یہ معاہدہ اجتماعی دفاع کا عمدہ فراہم کرتا ہے جس کے تحت تینوں ممالک کو مشترکہ خطرات کا باہمی انضمام کو بڑھانے کے لیے کام کریں گے۔

کشمیر کے معاملے پر اجلاس نے پاکستان کے اس موقف کا اعادہ کیا کہ اس تنازع کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کیا جانا چاہیے، جبکہ ان کے حق خودارادیت کی مسلسل حمایت جاری رکھنے کی توثیق کی گئی۔ مجموعی طور پر کانفرنس نے قومی سلامتی کو اندرونی استحکام، دہشت گردی کے خاتمے، پولیسنگ اور گورننس کی مضبوطی، عوامی تعاون، جدید دفاعی صلاحیتوں، علاقائی دفاعی شراکت داریوں اور کشمیر پر پاکستان کے دیرینہ موقف کے ساتھ مربوط کیا۔

پوری قوم نے کور کمانڈرز کانفرنس کے فیصلوں، مشاہدات اور آراء کا خیر مقدم کیا ہے اور انہیں سراہا ہے۔ یہ کوئی حیران کن بات نہیں ہے۔ کانفرنس نے عوام کے بنیادی خدشات کو دور کیا ہے۔ اس نے ایک واضح پیغام دیا ہے کہ فوج ملک کے امن و استحکام کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ اس نے ایک واضح پیغام دیا ہے کہ فوج دہشت گردی کے خلاف جنگ کے لیے پرعزم ہے۔ اس نے ایک واضح پیغام دیا ہے کہ فوج پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ یہ وہ تمام باتیں ہیں جن کی پاکستان کے عوام کو شدید پرواہ ہے۔ وہ امن سے رہنا چاہتے ہیں۔ وہ ایک ایسے ملک میں رہنا چاہتے ہیں جس کی دنیا میں عزت ہو۔ فوج اس کو ممکن بنانے کے لیے کام کر رہی ہے۔ فوج پاکستان کو ایک پرامن اور خوشحال ملک بنانے کے لیے کام کر رہی ہے۔ پاکستان کے عوام اس کی قدر کرتے ہیں۔ وہ اس کی حمایت کرتے ہیں۔ وہ فوج کے ساتھ کھڑے ہیں۔ عوام اور فوج کے درمیان یہ اتحاد پاکستان کی طاقت کی بنیاد ہے۔ یہ پاکستان کے مستقبل کی بنیاد ہے۔ یہ پاکستان کی کامیابی کی بنیاد ہے۔

9 مئی جیسے تشدد کے خلاف تنبیہ خاص طور پر اہم ہے۔ 9 مئی قوم کے لیے ایک تکلیف دہ دن تھا۔ یہ وہ دن تھا جب سیاسی تشدد کا بدنما چہرہ سامنے آیا تھا۔ یہ وہ دن تھا جب پاکستان کے دشمنوں نے سوچا کہ وہ ملک کو تباہ کر سکتے ہیں۔ وہ غلط تھے۔ قوم اٹھی۔ قوم نے تشدد کو مسترد کر دیا۔ قوم نے انارکی کو مسترد کر دیا۔ قوم ریاست کے ساتھ کھڑی ہوئی۔ قوم اداروں کے ساتھ کھڑی ہوئی۔ قوم فوج کے ساتھ کھڑی ہوئی۔ یہ اتحاد ایک طاقتور پیغام تھا۔ اس نے دکھایا کہ پاکستان کو توڑا نہیں جا سکتا۔ اس نے دکھایا کہ پاکستان کو تقسیم نہیں کیا جا سکتا۔ اس نے دکھایا کہ پاکستان کو شکست نہیں دی جا سکتی۔ کور کمانڈرز کانفرنس نے اسی اتحاد کو آگے بڑھایا ہے۔ اس نے ایک واضح پیغام دیا ہے کہ افراتفری پیدا کرنے کی کسی بھی آئندہ کوشش کا قانون کی تمام تر طاقت سے مقابلہ کیا جائے گا۔ یہ ایک ایسا پیغام ہے جسے تمام عناصر کو سننے کی ضرورت ہے۔ یہ ایک ایسا پیغام ہے جسے تمام عناصر کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ یہ ایک ایسا پیغام ہے جسے تمام عناصر کو احترام دینے کی ضرورت ہے۔ قوم کو امن کی ضرورت ہے۔ قوم کو خوشحالی کی ضرورت ہے۔ قوم انارکی اور تقسیم کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ قوم تشدد اور افراتفری کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ قوم کو آگے بڑھنا ہوگا۔ اسے مل کر آگے بڑھنا ہوگا۔ اسے اتحاد کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ اسے عزم کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ اسے امید کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ قوم کی حمایت سے مسلح افواج پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی سیکورٹی کے تحفظ کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ یہ ایک اطمینان بخش بیان ہے۔ یہ قوم کو بتاتا ہے کہ وہ محفوظ ہے۔ یہ قوم کو بتاتا ہے کہ اس کی حفاظت کی جا رہی ہے۔ یہ قوم کو بتاتا ہے کہ اس کی فوج تیار ہے۔ مسلح افواج پاکستان کی محافظ ہیں۔ وہ دن رات پہرہ دیتی ہیں۔ وہ سرحدوں پر پہرہ دیتی ہیں۔ وہ شہروں میں پہرہ دیتی ہیں۔ وہ ہر جگہ پہرہ دیتی ہیں۔ وہ کسی بھی خطرے کا جواب دینے کے لیے تیار ہیں۔ وہ ملک کا دفاع کرنے کے لیے تیار ہیں۔ وہ کوئی بھی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں۔ یہ ان کا فرض ہے۔ یہ ان کی عزت ہے۔ یہ ان کی زندگی ہے۔ قوم ان کی خدمات کی شکر گزار ہے۔ قوم ان کے عزم پر فخر کرتی ہے۔ قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ قوم ان کی حمایت کرتی ہے

اساتذہ.....قوم کے معمار

تحریر: رانا اعجاز حسین چوہان

سکندر اعظم سے جب پوچھا گیا کہ وہ اپنے والد سے زیادہ اپنے استاد ارسطو کی عزت کیوں کرتے ہیں، تو انہوں نے تاریخی جواب دیا "میرا باپ مجھے آسمان سے زمین پر لایا، جبکہ میرے استاد نے مجھے زمین سے اٹھا کر آسمان کی بلندیوں پر پہنچا دیا"۔ بلاشبہ استاد وہ دیا ہے جو خود جل کر دوسروں کی زندگی میں علم، شعور اور تہذیب کی روشنی پھیلاتا ہے۔ انسانیت کی تعمیر و ترقی کے ارتقاء میں اساتذہ کا بنیادی کردار رہا ہے، جو کہ اپنے علم کے ذریعے عقل کو روشن کرنے کا ہنر سکھاتے آئے ہیں۔ اساتذہ قوم کے معمار ہیں اور نوجوانوں کی سیرت کو سنوارنے، انہیں مستقبل کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے اور ان کی کردار سازی میں اہم ترین فریضہ سرانجام دیتے آئے ہیں۔ اور اپنی انتھک محنت سے نوجوانوں کو تحقیق، ڈاکٹر، انجینئر، سائنسدان، سیاستدان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں کارہائے منصبی پر فائز کرتے چلے آئے ہیں۔ اساتذہ انسان کو رب رحمٰن سے آشنا کرتے، دنیا میں انسانیت سے محبت، امن، اور اخوت کا پرچار کرتے، اور جہالت کے اندھیروں کو علم کی روشنی سے ختم اور علم کی قندیلوں سے قندیلیں روشن و منور کرتے چلے آئے ہیں۔ بلاشبہ درس و تدریس وہ پیشہ ہے جسے صرف اسلام ہی نہیں بلکہ دنیا کے ہر مذہب اور معاشرے میں نمایاں مقام حاصل ہے۔ لیکن یہ ایک آفاقی حقیقت ہے کہ دنیا کے ہر معلم نے معلم کی حقیقی قدر و منزلت کو بھی اس طرح اجاگر نہیں کیا جس طرح اسلام نے انسانوں کو معلم کے بلند مقام و مرتبے سے آگاہ کیا ہے۔ اسلام نے معلم کو بے حد عزت و احترام عطا کیا ہے۔ اللہ رب العزت نے قرآن مجید فرقان حمید میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان بحیثیت معلم بیان کی ہے۔ خود خاتم النبیین محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "مجھے معلم بنا کر بھیجا گیا ہے"۔ خالق کائنات نے انسانیت کی رہنمائی اور تعلیم کے لیے کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کرام کو بھیجا، ہر نبی شریعت کا معلم ہونے کے ساتھ ساتھ کسی ایک فن کا ماہر بھی ہوتا تھا جیسا کہ حضرت آدم علیہ السلام دنیا میں زراعت، صنعت کے معلم اول تھے، کلام کو ضبط تحریر میں لانے کا علم سب سے پہلے حضرت ادریس علیہ السلام نے ایجاد کیا، حضرت نوح علیہ السلام نے لکڑی سے چیزیں بنانے کا علم متعارف کروایا، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے علم تعمیر کی بنیاد ڈالی۔ خاتم الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے معلم کو انسانوں میں بہترین شخصیت قرار دیتے ہوئے ارشاد فرمایا تم میں سے بہترشخص وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسلام میں معلم کا مقام و مرتبہ بہت ہی اعلیٰ و ارفع ہے۔ اسلام نے استاد کو معلم و مربی ہونے کی وجہ سے روحانی باپ کا درجہ عطا کیا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول استاد کی عظمت کی غمازی کرتا ہے کہ "جس نے مجھے ایک حرف بھی بتایا میں اس کا غلام ہوں، وہ چاہے مجھے بیچے، آزاد کرے یا غلام بنا کر رکھے"۔ پانچ اکتوبر کا دن دنیا بھر میں "ورلڈ ٹیچرز ڈے" کے طور پر منایا جاتا ہے۔ یہ دن جہاں اساتذہ کرام کی قدر و منزلت کے پہچاننے کا دن ہے وہیں اساتذہ کے لئے طور کرنے کا دن ہے کہ وہ اپنے فرائض منصبی کو احسن طور پر سرانجام دے رہے ہیں یا نہیں۔ وہ اپنے طلباء کی صحیح سمت میں رہنمائی کر رہے ہیں یا اپنی خدمات کو محض ایک ڈیوٹی سمجھ کر انجام دے رہے ہیں۔ ایک استاد کے لئے طلباء کی تربیت، انہیں صحیح راستہ دکھانا، زندگی کے نشیب و فراز سے آشنا کرنا، مشکلات سے نمٹنے کا سلیقہ سکھانا، آگے بڑھنے کے لئے حوصلہ افزائی کرنا اور معاشی و اقتصادی ترقی کے لئے ہنر مندی کی اہلیت پیدا کرنا، بطور معلم اہم ترین فریضہ ہوتا ہے۔ اور نہ صرف طالب علم بلکہ والدین، رشتہ دار اور سب سے بڑھ کر ملک و قوم اساتذہ کی طرف امید بھری نظروں سے دیکھ رہے ہوتے ہیں کہ وہ اپنے کردار سے سماجی اور قومی قدروں میں اضافہ کریں گے۔ بلاشبہ استاد کی محنت سے قوموں کے عروج و زوال کا براہ راست تعلق اس کے اساتذہ کے حال سے ہوتا ہے، جس معاشرے میں استاد کا سر فخر سے بلند رہتا ہے، وہاں ترقی کی راہیں خود بخود ہموار ہو جاتی ہیں، اور جہاں استاد معاشرتی تنزلی یا معاشی بدحالی کا شکار ہو جائے، وہاں شعور کی شمعیں گل ہونے لگتی ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اساتذہ کو پرسکون طریقہ سے تدریس کا عمل جاری رکھنے کے لئے ان کے خلاف انتقامی کارروائیاں بند کی جانی چاہیے، اساتذہ کے سکیلوں کی فوراً اپ گریڈیشن کی جانی چاہیے۔ بہتر کارکردگی دکھانے والے ایجوکیٹرز کو منٹلی طریقہ سے ہائر کیا جانا چاہیے، اساتذہ کی میعشت انشورنس کی جانی چاہیے تاکہ اساتذہ بہتر طور پر تدریسی خدمات سرانجام دے سکیں

بقیہ 1

کے مذموم عزائم پر شکست پر نا کام بنائیں گے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ پیر کو ایوان صدر میڈیا بریفنگ سے جاری بیان میں صدر مملکت نے کہا کہ خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ صدر زرداری نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے خلاف عزم استقام وڈن کے تحت کارروائیاں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جاری رکھی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم پر حریفت پر نا کام بنائیں گے۔ اپنے بیان میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ڈیرہ اسماعیل خان میں 3 خارجی دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیاں دہشت گردوں کے نیٹ ورکس پر کاری ضرب ہیں، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ خیبر پختونخوا اسمیت ملک بھر سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز پر عزم ہیں، فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے کے لیے ریاست اپنے عزم پر قائم ہے۔

بقیہ 2

پنجے تلیسی میدان میں ناپ کر رہے ہیں۔ اس نخلے کی ترقی ملک کے آئین اور اداروں ترسیم کی عملی مثال ہے۔ قہر کو نخلے کے منصوبوں کے 1، 6 ارب ڈالر کا تخمینی زرمبادلہ بچایا جا رہا ہے۔ سیاسی مخالفین کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کچھ عناصر قہر کی ترقی ہضم نہیں کر پا رہے اور کراچی میں نفرت کی سیاست کو فروغ دے رہے ہیں۔ سندھ میں میسیونی طرز کی سیاست کبھی کامیاب نہیں ہوگی، کیونکہ قہر کے عوام ترقی کے سفر پر گامزن رہنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک سے نئے صوبوں کے بجائے نظام کی بہتری ضروری ہے۔ اسلام آباد کی انتظامی ناکامی کا حل یہ ہے کہ اسے قہر کے ماڈل پر چلایا جائے۔ اگر وفاقی حکومت چلانے میں ناکام ہوگئی ہے تو اسمبلیاں کو بھی قہر کی طرح بہتر بنائیں گے۔

بقیہ 3

4 بار تبدیلی کی گئی، مذاکرات کی ناکامی افسوسناک ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایک طرف حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات ہو رہے تھے جبکہ دوسری جانب وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اوتھنس کرتے رہے کہ ہم لانگ مارچ شروع کر رہے ہیں، خیبر پختونخوا کو لاوارث چھوڑ وزیر اعلیٰ کے پی ون پوائنٹ ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں، خیبر پختونخوا کے حالات کشیدہ ہیں، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا دھرنوں میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں حالات روز بروز خراب ہو رہے ہیں، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا دو ماہ سے بھی لاہور بھی سندھ میں گھوم رہے ہیں۔ عوام کے لیے کوئی کام کرنے کے بجائے انتخابی سیاست کو ترجیح دی جا رہی ہے، خیبر پختونخوا میں بدعنوانی عروج پر ہے، وزیر اعلیٰ اپنی ذمہ داریاں نہیں نبھا رہے، خیبر پختونخوا اس وقت لاوارث صوبہ ہے، وزیر اعلیٰ کو عوام کے مسائل کے حل کے لیے بیٹھنا چاہیے، خیبر پختونخوا کی تمام سیاسی جماعتیں صوبے کے مسائل پر ایک آواز بنیں، عوام کے مسائل کے لیے تمام سیاسی جماعتوں اور اسٹیک ہولڈرز سے بات ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن کی صورتحال بہتر ہو رہی ہے، خیبر پختونخوا جل رہا ہے، کوئی باہر نہیں نکل سکتا، عوام مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، لوگ اپنے عزیزوں کی لاشیں اٹھا رہے ہیں، دہشتگردی کے معاملے پر ایک پیج پر ہونا چاہیے۔ امیر مقام نے کہا کہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ، لیکن صوبے کے عوام کے مسائل کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، خیبر پختونخوا کے عوام کو امن، سہولیات اور بہتر حکمرانی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے اپنے کارکن بھی دیکھ رہے ہیں کہ ان کے نام پر کیا سیاست اور کیا کاروبار ہو رہا ہے، جو لوگ احتجاج کی قیادت کر رہے ہیں، ان کی سرگرمیاں سب کے سامنے ہیں، ہمیں کسی کے بارے میں دعوے کرنے کی ضرورت نہیں، حقائق عوام کے سامنے ہیں

بقیہ 4

سکرول آف آنر ایوارڈ پیش کیا گیا۔ دنیا بھر سے صرف پانچ منتخب ممالک کو یوایون ہیلتی ٹیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو سکرول آف آنر ایوارڈ پیش کرنے کیلئے سٹیٹ گیسٹ کی حیثیت سے خصوصی طور پر مدعو کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ورلڈ ہیلتی آرگنائزیشن کے ڈائریکٹر جنرل ٹیڈروس ایڈہانوم گیبریسس سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ہیلتی ایجنڈا، پولیو کے خاتمے، ہیلتھ سسٹم کی مضبوطی، ایمرجنسی ریسپانس اور ہیلتھ سیکٹر میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈبلیو ایچ او کے ڈائریکٹر جنرل نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو ورلڈ ہیلتی آرگنائزیشن کی جانب سے یوایون ہیلتی ٹیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ پیش کیا۔ ڈبلیو ایچ او کے ڈائریکٹر جنرل نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو یوایون ہیلتی ٹیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ پیش کرنے پر مبارکباد دی

مریم نواز کا ویژن، شفافیت، میٹرک کے دوسرے سالانہ امتحان انتظامات مکمل

بوٹی مافیا کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی، نقل اور غیر قانونی ذرائع استعمال کرنے والوں کو کسی صورت رعایت نہیں دی جائے گی پروفیسر ڈاکٹر اقبال

تمام امتحانی مراکز پر ضروری انتظامات مکمل، امتحانی عملے کو مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق ذمہ داریاں تفویض

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) راولپنڈی ڈویژن میں میٹرک دوسرے سالانہ امتحان کے لیے 45 امتحانی مراکز تشکیل دیے گئے پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود، پیپر مین تعلیمی بورڈ راولپنڈی بوٹی مافیا کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی نقل اور غیر قانونی ذرائع استعمال کرنے والوں کو کسی صورت رعایت نہیں دی جائے گی پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی کے زیر اہتمام میٹرک دوسرے سالانہ امتحان 2026 کا آغاز 6 اکتوبر 2026 سے ہو رہا ہے، جس کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ امتحانات کے شفاف، منظم اور پرامن انعقاد کے لیے راولپنڈی ڈویژن میں مجموعی طور پر 45 امتحانی مراکز تشکیل دیے گئے ہیں۔ پیپر مین تعلیمی بورڈ راولپنڈی پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود کے مطابق 45 امتحانی مراکز میں 16 مراکز طلبہ، 13 مراکز طالبات، 15 مشترکہ امتحانی مراکز (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)



مظفر آباد، صدر تحریک انصاف قیوم نیازی و دیگر عمران خان کی سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت اہم میٹنگ

شہریوں کو معیاری و بروقت سروس ڈیلیوری کی فراہمی کیلئے جاری اقدامات کا جائزہ

شہریوں کے جان و مال کے تحفظ و سہولت کو اولین ترجیح بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے اسلام آباد میں امن و امان، سکیورٹی انتظامات، پولیسنگ امور اور شہریوں کو معیاری و بروقت سروس ڈیلیوری کی فراہمی کیلئے جاری اقدامات کا جائزہ لیا۔ اجلاس میں ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد جواد ظارق اور ایس ایس پی ایکسکورٹی / ایڈمن محمد شہریار خان کے ساتھ اہم میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ میں اسلام آباد میں امن و امان، سکیورٹی انتظامات، پولیسنگ امور اور شہریوں کو معیاری و بروقت سروس ڈیلیوری کی فراہمی کے لیے جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے افسران کو پیشہ ورانہ پولیسنگ، موثر نگرانی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ و سہولت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

بینظیر بھٹو ہسپتال سے مبینہ جعلی ڈاکٹر گرفتار، خون فروخت کرنے کا الزام

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) بے نظیر بھٹو ہسپتال سے مبینہ جعلی ڈاکٹر کو گرفتار کر لیا گیا، جس پر ڈاکٹر کا یونیفارم پہن کر بلڈ بینک سے خون کی بوتلیں لے کر فروخت کرنے کا الزام ہے۔ پولیس نے وارڈ ماسٹر رابعہ نعمان کے بیان پر مقدمہ درج کر لیا۔ مقدمے کے متن کے مطابق وہ ایمرجنگ شفٹ میں ڈیوٹی پر موجود تھے کہ سینئر لیب ٹیکنیشن محمد رمضان نے انہیں اطلاع دی کہ صاف اشفار نامی نوجوان ڈاکٹر کے یونیفارم میں بلڈ بینک (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)



کراچی، تحریک تحفظ ختم نبوت آزاد کشمیر کے سربراہ مولانا سلیم اعجاز اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

ANF کی کارروائیاں، 2 کروڑ مالیت کی منشیات برآمد

11 ملزمان گرفتار، گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ 1997ء کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے

اے این ایف کا منشیات سمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن، کارروائیوں کے دوران 85 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 317.34 کلو گرام منشیات برآمد

لاہور (سی این پی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات سمگلنگ کے خلاف کارروائیوں کے دوران 11 ملزمان کو گرفتار کر لیا، 7 کارروائیوں میں مجموعی طور پر 317.34 کلو گرام منشیات برآمد کی گئی، جن کی مالیت 85 لاکھ روپے سے زائد ہے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق راولپنڈی میں بی کی روڈ پر یونیورسٹی کے قریب کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے 4.1 کلو گرام چرس برآمد ہوئی، گرفتار ملزم نے تعلیمی اداروں کے طلبا کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا۔ ترجمان کے مطابق اسلام آباد ایئرپورٹ پر ریاض جانے والے مسافر کی واسکٹ میں مذہب 1.072 کلو گرام آئس برآمد ہوئی جبکہ ملتان ایئرپورٹ پر ناروے جانے والے مسافر کے بیگ سے 745 گرام وزنی 1080 ایکسٹیسی گولیاں برآمد کر کے ملزم کو گر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

کراچی، تحریک تحفظ ختم نبوت آزاد کشمیر کے سربراہ مولانا سلیم اعجاز اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

قراءتِ تجوید قرآن ریٹ تقریریاں مسترد جماعت اہلسنت باغ کا احتجاج کا اعلان

اگر مجوزہ تقریریاں فوری طور پر منسوخ نہ کی گئیں تو جماعت اہل سنت احتجاج کے ساتھ قانونی راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوگی

دین کی خدمت انجام دینے والے مدارس وعلماء کو نظر انداز کر کے کسی مخصوص طبقے کو نوازنے کی کوشش قبول نہیں کی جائے گی، مقررین

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جماعت اہل سنت ضلع باغ نے محکمہ اوقاف و مذہبی امور دینیہ آزاد کشمیر کی جانب سے قراءتِ تجوید قرآن ٹرسٹ کے تحت حالیہ مجوزہ تقریریوں کو یکسر مسترد کرتے ہوئے شدید احتجاج کا اعلان کر دیا ہے۔ جماعت اہل سنت کے رہنماؤں نے واضح کیا ہے کہ دینی اداروں اور طویل عرصے سے قرآن وتعلیم دین کی خدمت انجام دینے والے مدارس وعلماء کو نظر انداز کر کے کسی مخصوص طبقے یا مسلک کو نوازنے کی کوشش کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی۔ مقررین نے کہا کہ اگر مجوزہ تقریریاں فوری طور پر منسوخ نہ کی گئیں تو جماعت اہل سنت احتجاج کے ساتھ قانونی راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار جماعت اہل سنت کے اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی رہنما علامہ منیر حسین ہاروتی، مولانا شوکت عارف خان قادری، صدر جماعت اہل سنت ضلع باغ مفتی سید مسعود علی گردیزی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)



اسلام آباد، شہری 'ریڈ زون' حکام کی جانب سے رکھے گئے شپنگ کنٹینرز کے پاس سے گزر رہے ہیں



تہران، امریکی بربریت و بمباری کے دوران ہونے والی ہولناک تباہی کا منظر

اپنے شوہر پر جسمانی و نفسیاتی تشدد کا الزام، مقدمہ درج

ایڈیشنل ڈی سی ہیڈکوارٹرز کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور تفتیش شروع

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی میں تعینات ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) ہیڈکوارٹرز ثمینہ سحر نے اپنے شوہر پر جسمانی اور نفسیاتی تشدد، دھمکیاں دینے اور کمرے میں محبوس رکھنے کے الزامات عائد کر دیے ہیں اور تھانہ دیمن میں ان کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمے کے متن کے مطابق دو بچوں کی والدہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ثمینہ سحر نے موقف اختیار کیا ہے کہ انہیں گزشتہ کئی ماہ سے تشدد کا سامنا تھا اور ان کا الزام ہے کہ 2 اکتوبر کی شام شوہر نے انہیں تشدد کا نشانہ بنایا، موبائل فون چھین لیا اور کمرے میں بند کر دیا۔ ایف آئی آر میں انہوں نے الزام عائد کیا کہ انہیں اہل خانہ سے رابطے، بچوں سے ملنے اور پولیس (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

سرکاری قرضوں میں 10 سال کے دوران 340 فیصد کا تاریخی اضافہ

جون 2026 تک مجموعی حجم 86 ہزار 700 ارب روپے ہو گیا، رپورٹ

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان کے سرکاری قرضوں میں 10 سال کے دوران 340 فیصد کا تاریخی اضافہ ہوا، جون 2016 سے جون 2026 تک سرکاری قرضوں میں 67 ہزار ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وفاقی وزارت خزانہ کی رپورٹ کے مطابق جون 2026 تک سرکاری قرضوں کا مجموعی حجم 86 ہزار 700 ارب روپے ہو گیا، جس میں 59 ہزار 400 ارب روپے مقامی جبکہ 27 ہزار 300 ارب روپے غیر ملکی سرکاری قرضہ شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق جون 2016 میں سرکاری قرضوں کا حجم 19 ہزار 700 ارب روپے تھا، جس میں مقامی قرضہ 13 ہزار 600 ارب اور غیر ملکی قرضہ 6 ہزار 100 ارب روپے تھا۔ وزارت خزانہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

راولپنڈی، جرم ثابت ہونے پر دو منشیات سپلائرز کو 18 سال قید، 1 لاکھ 60 ہزار جرمانے کی سزا

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی موثر پیروی کے باعث جرم ثابت ہونے پر دو منشیات سپلائرز کو مجموعی طور پر 18 سال قید اور 1 لاکھ 60 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے جرم ثابت ہونے پر 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، جرم نہ 1 کلو 420 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ نصیر آباد پولیس نے دسمبر 2025ء میں گرفتار کیا تھا، جرم سلیم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

نواب بہاولپور فیملی کے گھر میں قیمتی نوادرات کی چوری، 6 ملزمان گرفتار

نما کرسی، چاندی کی سیڑھیاں، چاندی کے پیالے، سونے کی پلیٹیں اور مختلف مجسمے شامل تھے

ملوث ملزمان کو گرفتار کیا، جن کے قبضے سے 70 سے 80 فیصد مال مسروقہ برآمد کر لیا گیا، پولیس کے مطابق گھر سے تقریباً 2 کروڑ روپے مالیت کے نوادرات چوری کیے گئے تھے، جن میں چاندی کی تخت نما کرسی، چاندی کی سیڑھیاں، چاندی کے پیالے، سونے کی پلیٹیں اور مختلف مجسمے شامل ہیں۔ چو (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) تھانہ مارگلہ پولیس نے سیکٹر ایف ایٹ تھری میں نواب بہاولپور فیملی کے گھر سے قیمتی نوادرات اور دیگر اشیا چوری کرنے کی واردات ڈیس کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ اسلام آباد پولیس کے ترجمان کے مطابق پولیس نے جدید ٹیکنالوجی، سیف سٹی کیمروں کی مدد سے واردات میں

راولپنڈی، ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر ہراری کی بوگس کال کرنے والا شخص گرفتار

ملزم نے 15 پر کال کی کہ 4 افراد نے گن پوائنٹ پر اس سے رقم اور موٹر سائیکل چھین لیا

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) نیو ٹاؤن پولیس نے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر ہراری کی بوگس کال کرنے والا شخص گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نیو ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر ہراری کی بوگس کال کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، ملزم نے 15 پر کال کی کہ 4 افراد نے گن پوائنٹ پر اس سے رقم اور موٹر سائیکل چھین لیا، نیو ٹاؤن پولیس نے موقعہ پر پہنچ کر تحقیقات کیں تو کالر کے ساتھ ایرا لواحقی وقوعہ سرزد ہونا پایا گیا جس پر نیو ٹاؤن پولیس نے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)



راولپنڈی، ایک بچہ کھلونے فروخت کر رہا ہے

ڈی آئی جی اسلام آباد کا سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کا دورہ

انسداد دہشتگردی، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز، جاری تفتیشی و آپریشنل امور کا جائزہ

جدید خطوط پر استوار کرنے، جدید ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کرنے کے احکامات جاری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور انسداد دہشت گردی، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اور جاری تفتیشی و آپریشنل امور کا جائزہ لیا۔ افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور انسداد دہشت گردی، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اور جاری تفتیشی و آپریشنل امور سے متعلق بریفنگ لی۔ اس موقع پر ڈی آئی جی اسلام آباد کو کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کی مجموعی کارکردگی، دہشت گرد عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



راولپنڈی، دانیال چوہدری، شازیہ رضوان، یاسین بلوچ ٹیچرز ڈے پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ہیرو ٹیچرز اساتذہ معاشرے کی تعمیر و ترقی میں کردار ادا کرتے ہیں، دانیال چوہدری ایوارڈ تقریب، شازیہ رضوان

ایک بہترین استاد صرف کتابی علم منتقل نہیں کرتا بلکہ طلبہ کی شخصیت، سوچ اور مستقبل کی تعمیر میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے

حکومت پنجاب تعلیم کے شعبے کی بہتری، اساتذہ کی حوصلہ افزائی اور طلبہ کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی راولپنڈی کے زیر اہتمام "ہیرو ٹیچر ایوارڈ تقریب" کا انعقاد گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول نمبر 1، باغ سردداراں، راولپنڈی میں کیا گیا۔ تقریب میں وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات دانیال چوہدری اور پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب شازیہ رضوان نے بطور مہمانان خصوصی شرکت کی۔ تقریب کا مقصد اساتذہ کی محنت، لگن، پیشے اور خصوصاً تعلیم میں ان کی گراں قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا تھا۔ اس موقع پر نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اساتذہ کی حوصلہ افزائی کی گئی اور ان کی خدمات کو سراہا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب شازیہ رضوان نے کہا کہ استاد کسی بھی معاشرے کی تعمیر و ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، کیونکہ وہ نئی نسل کی تعلیم و تربیت کے ساتھ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

دانیال چوہدری، شازیہ رضوان اور یاسین خان ٹیچرز کو ایوارڈ دے رہے ہیں

میڈرڈ میں غزہ کے عوام کی حمایت میں ہونے والے مظاہرے میں مظاہرین نے بینر اٹھا رکھے ہیں



مری میں مستحق خاندانوں کو ماہانہ مالی امداد، اقلیتی کارڈز کی تقسیم

حکومتِ پنجاب اقلیتی برادری کے حقوق کے تحفظ اور ان کی معاشی و سماجی بہبود کے لیے اقدامات کر رہی ہے

اقلیتی کارڈز کی تقسیم کا عمل مکمل کیا جائے تاکہ مستحق افراد حکومتی پروگرام سے بروقت مستفید ہو سکیں، ڈپٹی کمشنر مری

مری (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے فلاحی ویژن کے تحت ضلع مری میں غیر مسلم اقلیتی شہریوں کے لیے اقلیتی کارڈز (Minority Cards) کی تقسیم کا آغاز کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر مری آغا ضیر عباس شیرازی نے مستحقین میں اقلیتی کارڈز تقسیم کیے۔ اس اقدام کے تحت غریب، کم آمدن اور مستحق اقلیتی خاندانوں کو باقاعدگی سے ماہانہ مالی معاونت فراہم کی جائے گی، تاکہ وہ اپنی بنیادی ضروریات بہتر انداز میں پوری کر سکیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مری آغا ضیر عباس شیرازی نے کہا کہ حکومت پنجاب اقلیتی برادری کے حقوق کے تحفظ اور ان کی معاشی و سماجی بہبود کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ اقلیتی کارڈز کی فراہمی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس کے ذریعے مستحق خاندانوں کو مالی معاونت فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اقلیتی کارڈز کی تقسیم کا عمل شفاف، منظم اور بلا تاخیر مکمل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 30) کیا

اساتذہ کا عالمی دن، سی ٹی اور اولپنڈی کا معلم اعظم حضرت محمد ﷺ پر کروڑوں درود وسلام

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم نے اساتذہ کے عالمی دن کے موقع پر معلم اعظم حضرت محمد ﷺ پر کروڑوں درود و سلام بھیج کیا ہے۔ اپنے جاری پیغام میں سی ٹی او فرحان اسلم نے کہا کہ استاد کے عالمی دن پر انکے اخلاص، لگن اور محنت کو سراہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ استاد کا مرتبہ و عظمت لازوال ہے، اپنے اساتذہ کیلئے عزت و احترام کا جذبہ آج بھی قائم ہے، استاد (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

حسن ابدال، دوہرے قتل کی لرزہ خیز واردات

نامعلوم افراد نے ڈمپر ڈرائیور اور کنڈیکٹر کے گلے کاٹ دیئے، موقع سے فرار

مقتولین کی شناخت 25 سالہ ذیشان، 30 سالہ جواد کے ناموں سے ہوئی

حسن ابدال (سٹی رپورٹر) حسن ابدال میں دوہرے قتل کی لرزہ خیز واردات، نامعلوم افراد نے ڈمپر ڈرائیور اور کنڈیکٹر کے گلے کاٹ دیئے، قتل کرنے کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، لاشیں ہسپتال منتقل، تفتیش کا آغاز کر دیا گیا، مقتولین کی شناخت 25 سالہ ذیشان اور 30 سالہ جواد کے ناموں سے ہوئی تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر حسن ابدال کی حدود میں واقع علاقہ پڑ میادہ میں دوہرے قتل کی لرزہ خیز واردات پیش آئی، جس میں نامعلوم افراد کی جانب سے مبینہ طور پر بریت لے جانے والے ڈمپر کے ڈرائیور اور کنڈکٹر کو گلے کاٹ کر قتل کر دیا گیا، پولیس کو 15 بجے کال موصول ہوئی جس کے مطابق روندہ روڈ ہرو پڑ میادہ کے پاس دو افراد کی لاشیں پڑی ہوئی ہیں جن کو گلے کاٹ کر قتل کیا گیا ہے، دوہرے قتل کی لرزہ خیز واردات کی اطلاع ملتے ہی تھانہ صدر حسن ابدال کے ایس ایچ او نیاز احمد اپنی ٹیم کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

میڈرڈ میں غزہ کے عوام کی حمایت میں ہونے والے مظاہرے میں مظاہرین نے بینر اٹھا رکھے ہیں

کھڑی شریف کو ماڈل اسٹیٹ حلقہ بنائیں گے، حن ہاشمی

بہت جلد منگلا سے لے کر بلوارہ شریف تک تعمیر و ترقی کے نئے باب کا آغاز ہونے جا رہا ہے

جاتلاں (نمائندہ خصوصی) کھڑی شریف کو چوہدری رشار احمد کی قیادت میں ماڈل اسٹیٹ حلقہ بنائیں گے حلقہ کے عوام کو سات ہزار کی لیڈ سے نہیں ہو رہی ان خیالات کا اظہار ن لیگ کے میڈیا سیل ضلع میرپور آزاد کشمیر حسن ہاشمی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بہت جلد منگلا سے لے کر بلوارہ شریف تک تعمیر و ترقی کے نئے باب کا آغاز ہونے جا رہا ہے سابق وزیر برقیات نے حلقہ کھڑی شریف میں پانچ سالہ دور میں عمر بیوں کے سوا کچھ نہیں دیا ن لیگ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کریں گے نوجوانوں کو نوکریاں بھی دیں گے بہت جلد سو دن کا پلان دیں گے بجلی کے کم و بیش اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے خاتمے پر کام جاری ہے شیر کھڑی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)



راولپنڈی، موٹر سائیکلوں کی پارکنگ کا منظر

ایس ایس پی انویسٹیگیشن کی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات سنیں

مدارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹاسک فریم کے اندر قانونی کارروائی یقینی بنانے کی ہدایت

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) ایس ایس پی انویسٹیگیشن سیف اللہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر مل کھلے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اور مدارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹاسک فریم کے اندر قانونی کارروائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے مطابق پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی انویسٹیگیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ایس ایس پی انویسٹیگیشن سیف اللہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)



پشاور، کسان سبزیوں کی کاشت میں مصروف ہیں

راولپنڈی، موٹر سائیکل چوری و دیگر وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ گرفتار

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) صادق آباد پولیس نے موٹر سائیکل چوری و دیگر وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ گرفتار کر کے 11 مسروقہ موٹر سائیکل اور رقم برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری و دیگر وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگ کے سرغنہ سے 11 مسروقہ موٹر سائیکل اور رقم برآمد ہوئی، صادق آباد پولیس (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

راولپنڈی، قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

چار ساتھیوں کو قبل ازیں گرفتار کیا جا چکا، ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) وہاڑ کینٹ پولیس نے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق وہاڑ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری نے سابقہ رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ شہری کو اغوا کے بعد فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا، اشتہاری

نواب آف بہاولپور فیملی کے گھر چوری کی واردات ٹریس

چوری میں ملوث چھ ملزمان گرفتار، قبضے سے 70 سے 80 فیصد مال مسروقہ برآمد

جدید ٹیکنالوجی، سیف سٹی کیمروں اور انسانی ذرائع کی مدد سے واردات کا سراغ لگایا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد تھانہ مارگلہ پولیس نے نواب آف بہاولپور فیملی کے گھر چوری کی واردات ٹریس کر کے چھ ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 70 سے 80 فیصد مال مسروقہ برآمد کرا لیا گیا ہے، جبکہ مزید مال مسروقہ کی برآمدگی اور واردات میں ملوث دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے کوششیں کی جا رہی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس تھانہ مارگلہ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی، سیف سٹی کیمروں اور انسانی ذرائع کی مدد سے واردات کا سراغ لگایا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد فاضی علی رضا کے مطابق مارگلہ پولیس نے جدید (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

راولپنڈی، موٹر سائیکل چوری و دیگر وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ گرفتار

ملزمان سے 11 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد، گرفتار ملزمان کے قبضے سے 2 کلو چرس، 2 پستول اور 12 بور رائفل برآمد

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) صادق آباد پولیس نے موٹر سائیکل چوری و دیگر وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ گرفتار کر کے 11 مسروقہ موٹر سائیکل اور رقم برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری و دیگر وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگ کے سرغنہ سے 11 مسروقہ موٹر سائیکل اور رقم برآمد ہوئی، صادق آباد پولیس (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

راولپنڈی، 6 ملزمان گرفتار، 1 کلو سے زائد چرس، 44 لیٹر شراب برآمد

منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، ایس پی راول

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راول ڈویژن پولیس نے 6 ملزمان گرفتار کر کے 1 کلو سے زائد چرس اور 44 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق کمبڑی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 100 گرام چرس برآمد کی، وارث خان پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 20 لیٹر شراب برآمد کی، بنی پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 18 لیٹر شراب برآمد کی، نیو ٹاؤن پولیس نے ایک ایک ملزم کو گرفتار کر کے 6 لیٹر شراب برآمد، ملزمان مختلف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ایس پی راول بیدار بخت گوندل نے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔



مغربی کنارے کے قصبے بنی نعیم کا رفوبی جیپ میں تصادم میں جاں بحق فلسطینی کی لاش اٹھائی جا رہی ہے

مرزا شبیر کنول جرال کا یونین جاتلاں سے بلدیاتی الیکشن میں حصہ لینے کا اعلان

بلدیاتی الیکشن میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد عوام کی محرومیوں کے ازالے کے لیے بھرپور کردار ادا کروں گا

جاتلاں کے عوام کو تعلیم اور صحت جیسی بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لیے مطلوبہ اقدامات نہیں کیے گئے، مرزا شبیر کنول جرال

جاتلاں (نمائندہ خصوصی) یونین کونسل جاتلاں کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت مرزا شبیر کنول جرال نے کنٹرپریس کلب جاتلاں کے نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے یونین کونسل جاتلاں سے امیدوار کی حیثیت سے بلدیاتی الیکشن میں حصہ لینے کا باقاعدہ اعلان کر دیا۔ اس موقع پر واپس پیرزین یوسی جاتلاں چوہدری زوہیب حبیب اور کونسلر رابعہ عنصر معروف بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ مرزا شبیر کنول جرال نے کہا کہ ان شاء اللہ کامیابی حاصل کرنے کے بعد عوام کی محرومیوں کے ازالے کے لیے بھرپور کردار ادا کروں گا۔ جاتلاں کو آبادی، اہمیت اور رسائل کے لحاظ سے بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مسلسل نظر انداز کیا گیا ہے۔ بالخصوص تعلیم اور صحت کے شعبوں میں آج بھی عوام کو مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ بوائز ہائی سکول جاتلاں پچاس کی دہائی میں ہائی سکول کا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)



دانیال چوہدری، شازیہ رضوان اور یاسین خان ٹیچرز کو ایوارڈ دے رہے ہیں

یمنی فوج کا باب المندب کا کنٹرول دوبارہ حاصل کرنے کا دعویٰ

ذوباب ایئرپورٹ بھی حکومتی فورسز کے قبضے میں آ گیا حوثی فورسز کی جانب سے مالیہ پیش قدمی کے بعد جنگ میں ایک بار پھر شدت آنے کا خدشہ پیدا ہو گیا

ماجد عبداللہ النزیلی کے مطابق حکومتی فورسز، سدرن جائنٹس بریگیڈ اور نیشنر شیلڈ فورسز سمیت، باب المندب کے علاقے میں پیش قدمی کر رہی ہیں

یمن (سی این پی) یمن میں حوثیوں کے خلاف سرکاری فورسز کی بڑی فوجی کارروائی شروع ہو گئی ہے، جسے "فجر الیمن" یا "یمن ڈان" آپریشن کا نام دیا گیا ہے۔ یمنی حکومت کی فورسز نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے جزیرہ نما کی اہمیت کے حامل علاقے ذوباب اور باب المندب کے قریب اہم پوزیشنوں کا کنٹرول دوبارہ حاصل کر لیا ہے۔ یمنی فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ کرنل ماجد عبداللہ النزیلی کے مطابق حکومتی فورسز، سدرن جائنٹس بریگیڈ اور نیشنر شیلڈ فورسز سمیت، باب المندب کے علاقے میں پیش قدمی کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ذوباب ایئرپورٹ بھی حکومتی فورسز کے قبضے میں آ گیا ہے جبکہ ذوباب اور الخا کے درمیان راستہ بھی کاٹ دیا گیا ہے۔ تاہم حوثیوں نے حکومتی فورسز کی پیش قدمی کے دعوے کی تردید کی ہے، اس لیے میدان جنگ کی صورت حال کے تمام دعووں کی آزادانہ تصدیق نہیں ہو سکی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

ٹبیاں بالا، انجمن غلامان سیدہ زہراؑ و مغل برادران لانگہ زیر اہتمام جواد شیخ مغل کی رہائش گاہ پر محفل میلاد مصطفیٰ و ذکر اہل بیت میں علمائے کرام شریک ہیں



مرزا شبیر کنول جرال کا یونین جاتلاں سے بلدیاتی الیکشن میں حصہ لینے کا اعلان

**بل